1989ء سے مسلسل اشاعت
27 اکتوبر تا 2 نومبر 2023 | شمارہ نمبر 44 | جلد نمبر 35

ہفت روزہ

# پیپر بزنس کراچی

بانی: محمد رؤف

پیپر، پیپر بورڈ اور اسٹیشنری کے مینوفیکچررز، انڈنٹرز، امپورٹرز وایکسپورٹرز، ٹریڈرز، پرنٹرز، سپلائرز اور پرنٹنگ کی صنعت سے وابستہ اداروں کے درمیان رابطہ کا پاکستان کا واحد باقاعدہ تصدیق شدہ پہلا تجارتی جریدہ

MC - 547 Price Rs. 100/-

**FAIR TRADE (Pvt) Limted**

A Trusted & Reliable Name for Geniune Trading of Paper & Board

Serving Since 1975

| Distributors | Importers |
|---|---|
| Flying Paper | Offset Paper |
| Bulleh Shah ( Packages ) | Bleached Board |
| Crown ( Fazal Paper ) | Art Card |
| Chenab ( A.K Ind. ) | |

4, Muhammadi Terrace, Tayyebji Road, Karachi.
Ph: 021-32625600 - 32625633 , Fax: (92-21) 32621614
Whatsapp: 0334-0209809, Email: fairtrade1961@gmail.com

IBM™

ISO 900: 2015
International Business Management
CERTIFIED

PT. PABRIK KERTAS TIJWI KIMIA TBK

ART PAPER NEVIA

NINGBO FOLD
Little Star
Bleach Board

pindo deli paper products

Indah Kiat Pulp and Paper Products

SINAR

VERITAC
SELF ADHESIVE STICKER PAPER

Winner of Brands Icon of Pakistan 2010
Brands of the year Award 2010
Brands of the year Award 2011-2012

111-IBM-PAK
Please Contact For Booking

First Floor, Darul Hina Building Tayabjee Road, Near Burhani Hospital Karachi.. 74200
PAKISTAN. Ph: +92-2132627061 Fax # 92-21-32629786 UAN: 111-426-725
Email: saleem.bikiya@ibmpak.com website: www.ibmpakistan.com

bmp

بزنس مین پینل





کراچی ولاہور میں خدمت کے 13 سال

BMG

بزنس مین گروپ

محمد سلیم بیکیا
چیئرمین

جناب محمد سلیم بیکیا اور جناب خامس سعید بٹ کی قیادت پر ملک بھر کے پیپر مرچنٹس کا اعتماد

خامس سعید بٹ
گروپ لیڈر

کل بھی تھا ۔ آج بھی ہے اور آئندہ بھی رہے گا






Printed on NEVIAGloss - Art Paper, China, 113 Gsm. Contact for Booking IBM: 111-426-725




# CARBONLESS PAPER

## NCR, CFB ,CB ,CF ,SC

Impressions Pindo 2000 is a premium quality carbonless paper that gives excellent printing and the best intensity performence. Its quality, appearance and the performence are guaranteed to satisfy even the most demanding end user.

**For booking please contact**

FIRST ISO 9001:2015 CERTIFIED PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN
FIRST BRAND ICON AWARD 2010 PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN

## INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT

First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital, Karachi UAN:111-IBK-PAK
Ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleemibm@cyber.net.pk, Website:www.ibmpakistan.com

BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010
Brands of the year Award ITS ALL ABOUT CHAMPION
Brands of the year Award 2011-2012




Printed on NEVIAGloss - Art Paper, China, 113 Gsm. Contact for Booking IBM: 111-426-725

pindo deli
paper producs

IBM™
PAKISTAN




**SELF ADHESIVE STICKER PAPER**
**INDONESIA**

## Today, Labelstock Products have been used in various industrial sectors, and thus, we're continuously developing new products to meet the market demand for ace labeling, retail outlet labeling, barcode label, and other general and use.

FIRST ISO 9001:2015 CERTIFIED PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN
FIRST BRAND ICON AWARD 2010 PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN

IBM™
ISO 9001: 2015 CERTIFIED

**INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT**

First ISO 9001-2015 Certified Paper Identing Company in Pakistan
First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital, Karachi UAN:111-IBK-PAK
Ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleemibm@cyber.net.pk, Website:www.ibmpakistan.com

BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010

Brands of the year Award™ IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS
Brands of the year Award™ IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012



Printed on NEVIAGloss - Art Paper, China, 113 Gsm. Contact for Booking IBM: 111-426-725

1989ء سے مسلسل اشاعت
ہفت روزہ
# پیپر بزنس کراچی
پیپر، پیپر بورڈ اور اسٹیشنری کے مینوفیکچررز، انڈنٹرز، امپورٹرز و ایکسپورٹرز، ٹریڈرز، پرنٹرز، سپلائرز اور پرنٹنگ کی صنعت سے وابستہ اداروں کے درمیان رابطہ کا پاکستان کا واحد باقاعدہ تصدیق شدہ پہلا تجارتی جریدہ

اشاعت: بروز جمعۃ المبارک
صفحات: 23 رنگین 17 عمومی

رابطہ آفس: A-144 بھایانی شاپنگ سینٹر، بلاک M، نارتھ ناظم آباد،
بالمقابل فاروق اعظم مسجد، کراچی۔ فون: 0308-2933229
weeklypaperbusiness@gmail.com

**چیف ایڈیٹر:**
محمد رؤف



**ایڈیٹوریل بورڈ:**
پبلشر و ایگزیکٹو ایڈیٹر: حرا رؤف
اسسٹنٹ ایڈیٹر: نعمان علی
پیج میکنگ و ڈیزائننگ: عمران صدیقی
سوشل میڈیا مارکیٹنگ: سمیر انصاری
معاون: عدنان انصاری

**پبلشرز:** حرا رؤف نے پرنٹر عبدالغیور، ٹارگٹ پرنٹرز، 14 بتول مارکیٹ، کراچی سے چھپوا کر شائع کیا

**چارجز: 100 روپے**

| | |
|---|---|
| کراچی سالانہ سبسکرپشن بمعہ ڈاک خرچ | 2500 روپے |
| بیرون کراچی سالانہ سبسکرپشن بمعہ ڈاک خرچ | 3000 روپے |
| خصوصی نرخ برائے کراچی پیپر مارکیٹ | 1500 روپے |
| ای میگزین | 1500 روپے |

**for Online Pyments**
**Summit Bank**
Paper Market Branch,Karachi
A/c-No:0102562031171 4112960
IBAN:PK72SUMB0256027140112960
**United Bank Ltd (UBL)**
Stratchen Road Branch, Karachi
A/c No : 0161596-4 Branch Cade: 0367

# پیکیجنگ سیکٹر کو انڈسٹری کا درجہ دیا جائے، چیئرمین آل پاکستان پیکیجنگ مینوفیکچررز ایسوسی ایشن ذکی اعجاز قریشی



سیالکوٹ (بزنس ڈیسک) آل پاکستان پیکیجنگ مینوفیکچررز ایسوسی ایشن کے چیئرمین ذکی اعجاز قریشی نے کہا ہے کہ پیکیجنگ انڈسٹری کو صنعت کا درجہ دیا جائے، آن لائن کاروبار، ای کامرس کے آنے اور وسیع پیمانے پر مقبولیت نے پیکیجنگ سیکٹر کی اہمیت اور قدر کو بڑھا دیا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے سیالکوٹ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری میں منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر نائب صدر سیالکوٹ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری عامر مجید شیخ، نائب صدر لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری عدنان خالد بٹ، راجہ طارق محمود سینئر وائس چیئرمین پیکیجنگ ایسوسی ایشن، حاجی فیصل وائس چیئرمین، سہیل شہزاد چیئرمین لاہور زون، رانا آفتاب جہانگیر چیئرمین فیصل آباد زون، آمنہ رندھاوا، شکیل باجوہ، محمد اکرم ورک اور سیالکوٹ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے دیگر اراکین بھی موجود تھے۔ ذکی اعجاز قریشی کا مزید کہنا تھا کہ پاکستان کی تمام ایکسپورٹ انڈسٹری پیکیجنگ کیلئے مقامی صنعت سے ہی استفادہ کررہی ہے، پاکستان کی پیکیجنگ انڈسٹری بین الاقوامی معیار کے مطابق کام کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس دور میں کوئی بھی ملک امپورٹ اور ایکسپورٹ کے بغیر چل نہیں سکتا اور کوئی بھی انڈسٹری پیکیجنگ سیکٹر کے بغیر نہیں چل سکتی ہے، پیکیجنگ انڈسٹری تمام صنعتوں میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پیکیجنگ انڈسٹری پاکستان کے اہم اور تخلیقی شعبوں میں سے ایک ہے کیونکہ یہ برآمد پر مبنی اور گھریلو صنعتوں کی ضرورت کو پورا کرنے کیلئے اہم کردار ادا کررہا ہے، پیکیجنگ انڈسٹری ٹیکسٹائل کے بعد پاکستان کی 5ویں سب سے بڑی صنعت ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہر طرح کے پیکیجنگ میٹریل اور مصنوعات جیسے کاغذ، گتے، ریپنگ فلم، ٹیپ، پلاسٹک، کلاس، دھات اور لکڑی پاکستان میں تیار کی جارہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ چند سالوں میں جدت اور ماحول دوست پیداوار میں اضافہ دیکھنے میں آیا ہے، پاکستان میں مصنوعات کی فزیکل اور کیمیائی خصوصیات کے مطابق پیکیجنگ کے شعبہ میں نئی ٹیکنالوجیز کا استعمال کیا جارہا ہے۔ انہوں نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ پیکیجنگ انڈسٹری کو صنعت کا درجہ دیا جائے، اس عمل سے زیادہ سے زیادہ لوگ ٹیکس نیٹ میں آئیں گے جس سے حکومت کی آمدنی میں اضافہ ہوگا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے نائب صدر کامرس اینڈ انڈسٹری کامرس اینڈ انڈسٹری عامر مجید شیخ نے کہا کہ سیالکوٹ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری پیکیجنگ انڈسٹری کو ہر طرح کی معاونت فراہم کرے گی۔ پیکیجنگ انڈسٹری کے نمائندگان کو سیالکوٹ چیمبر کی ڈپارٹمنٹل کمیٹیز میں نمائندگی بھی دی جائے گی۔ انہوں نے لاہور چیمبر کے نائب صدر عدنان خالد بٹ اور دیگر عہدیداران کو سیالکوٹ چیمبر پر خوش آمدید کہا۔ تقریب کے آخر میں محمد اکرم ورک کو آل پاکستان پیکیجنگ مینوفیکچررز ایسوسی ایشن سیالکوٹ زون کا چیئرمین نامزد کیا گیا۔





یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# BOPP فلم کی رولنگ کا اجرا، صرف 30 ڈالر فی ٹن اضافہ

کراچی (پیپر بزنس نیوز ) ڈائریکٹر کسٹم ویلیوایشن فیاض رسول میکن نے کسٹم ایکٹ 1969ء کی دفعہ 25-A کے تحت رولنگ نمبر 1818/2023 مورخہ 18 اکتوبر 2023ء برائے بی او پی پی/او پی پی، ہاٹ میلٹ ربڑ، سیڈ سیلف ایڈہیسیو ٹیپ جمبو رولز/ لاگ رولز/ اور ریٹیلز پیکنگ جاری کر دی ہے۔ اس سے قبل رولنگ نمبر 1588/2022 مورخہ 14 جنوری 2022 کو جاری کی گئی تھی۔ نئی رولنگ نمبر 1818 میں کہا گیا ہے کہ پونے دو سال قبل جاری ہونے والی رولنگ پرانی ہوگئی تھی اور بین الاقوامی قیمتوں میں ردو بدل اس سلسلے میں فریقین کا اجلاس 12 اکتوبر 2023 کو منعقد ہوا۔ اجلاس میں درآمد کنندگان اور دیگر فریقین کے نمائندوں نے بھی شرکت کی اور انہوں نے موقف اختیار کیا کہ بین الاقوامی مارکیٹ میں ان آئٹمز کی قیمتوں میں معمولی اضافہ دیکھنے میں آیا ہے جس کی روشنی میں انہوں نے نئی تجاویز پیش کیں۔ رولنگ میں کہا گیا ہے کہ اس رولنگ کے خلاف اپیل اس کے اجراء کے 30 دن کے اندر ڈائریکٹر جنرل ویلیوایشن کے پاس کی جا سکتی ہے اور ڈی جی کے فیصلے کے خلاف اپیل کسٹم اپیلٹ ٹریبونل میں 60 دن کے اندر کی جا سکتی ہے۔ اس رولنگ کا اطلاق آئندہ آنے والے کنسائنمنٹ پر ہوگا اور اس وقت تک ہوگا جب تک محکمہ اس میں تبدیلی نہ کرے یا اس پر عمل درآمد روک دے۔ اس رولنگ کا اطلاق ان کیسز پر ہوگا جن کی ڈیکلیرڈ ویلیو اس رولنگ سے کم ہونگی۔ تاہم رولنگ سے زائد ویلیو کی صورت میں کسٹم آفیسر ڈیکلیئرڈ ویلیو زیر دفعہ (i) 25 قبول کرے گا۔ ذیل میں نئی رولنگ اور سابقہ رولنگ کی قیمتوں کا تقابلی جائزہ بھی قارئین کی دلچسپی کے لئے دیا جا رہا ہے۔ نئی رولنگ میں قیمتوں میں تقریباً تمام آئٹم میں 30 ڈالر فی ٹن کا اضافہ کیا گیا ہے۔

| S.No | Description of Goods | PCT | Propose PCT for WeBOC | Origin | Customs Values (C&F US$/Kg) Rulaing No. 1383 15-07-2019 | Customs Values (C&F US$/Kg) Rulaing No. 1588 14-01-2022 | Customs Values (C&F US$/Kg) Rulaing No. 1818 18-10-2023 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| (1) | (2) | (3) | (4) | (5) | (6) | (7) | (8) |
| **Water based Acrylic Type Self Adhesive Tape** | | | | | | | |
| 1. | Self Adhesive Transparent (BOPP/OPP) Tape- Width exceeding 20cm (Jumbo Roll) | 3919.9010<br>3919.9090 | 3919.9010.1010<br>3919.9090.1010 | China/ Hong Kong/ Malaysia | 1.56 | 1.68 | 1.71 |
| | | | 3919.9010.1020<br>3919.9090.1020 | Korea/UAE /Taiwan | 1.64 | 1.76 | 1.79 |
| | | | 3919.9010.1030<br>3919.9090.1030 | Canada/ Europe/ Japan/ USA | 2.01 | 2.13 | 2.16 |
| | | | 3919.9010.1040<br>3919.9090.1040 | Others Origins | 1.62 | 1.74 | 1.77 |
| 2. | Self Adhesive Transparent (BOPP/OPP) Tape- Width exceeding 20cm (Log Rolls) | 3919.9010<br>3919.9090 | 3919.9010.1050<br>3919.9090.1050 | China/ Hong Kong/ Malaysia | 1.60 | 1.72 | 1.75 |
| | | | 3919.9010.1060<br>3919.9090.1060 | Korea/UAE /Taiwan | 1.67 | 1.79 | 1.82 |
| | | | 3919.9010.1070<br>3919.9090.1070 | Canada/ Europe/ Japan/ USA | 2.08 | 2.21 | 2.24 |
| | | | 3919.9010.1080<br>3919.9090.1080 | Others Origins | 1.65 | 1.77 | 1.80 |
| 3. | Self Adhesive (Transparent BOPP/OPP) Tape- Width not exceeding 20cm in Retail Packing with paper board spool. | 3919.1090 | 3919.1090.1010 | China/ Hong Kong/ Malaysia | 1.62 | 1.74 | 1.79 |
| | | | 3919.1090.1020 | Korea/UAE /Taiwan | 1.72 | 1.84 | 1.89 |
| | | | 3919.1090.1030 | Canada/ Europe/ Japan/ USA | 2.07 | 2.19 | 2.24 |
| | | | 3919.1090.1040 | Others Origins | 1.70 | 1.82 | 1.87 |
| 4. | Self Adhesive (Transparent BOPP/OPP) Tape- Width not exceeding 20cm- in Retail Packing with plastic spool. | 3919.1090 | 3919.1090.1050 | China/ Hong Kong/ Malaysia | 1.68 | 1.80 | 1.85 |
| | | | 3919.1090.1060 | Korea/UAE /Taiwan | 1.74 | 1.86 | 1.91 |
| | | | 3919.1090.1070 | Canada/ Europe/ Japan/ USA | 2.15 | 2.27 | 2.32 |
| | | | 3919.1090.1080 | Others Origins | 1.72 | 1.84 | 1.89 |
| 5. | Self Adhesive (Transparent BOPP/OPP) Tape- "Scotch" brand Width not exceeding 20cm- in retail packing. | 3919.1030 | 3919.1030.1010 | China/ Hong Kong/ Malaysia | 4.98 | 5.43 | 5.48 |
| | | | 3919.1030.1020 | Korea/UAE /Taiwan | 5.15 | 5.60 | 5.65 |
| | | | 3919.1030.1030 | Canada/ Europe/ Japan/ USA | 6.40 | 6.85 | 6.90 |
| | | | 3919.1030.1040 | Others Origins | 5.30 | 5.75 | 5.80 |

**Hot Melt Rubber based Self Adhesive Tape (Imported from M/s. Alpha Beta Global Tapes and Adhesive Co., Ltd.**

| S.No | Description of goods | PCT Heading | Propose PCT for WeBOC | Origin | Customs Value (C&F) US$/Kg | Customs Value (C&F) US$/Kg | Customs Value (C&F) US$/Kg |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| (1) | (2) | (3) | (4) | (5) | (6) | (7) | (8) |
| 1. | Self Adhesive (Transparent BOPP/OPP) Tape- Width exceeding 20cm (Jumbo Roll) | 3919.9010<br>3919.9090 | 3919.9010.1090<br>3919.9090.1090 | Taiwan | 2.42 | 2.55 | 2.58 |
| 2. | Self Adhesive (Transparent BOPP/OPP) Tape- Width exceeding 20cm (Log Roll) | 3919.9010<br>3919.9090 | 3919.9010.1100<br>3919.9090.1100 | Taiwan | 2.50 | 2.63 | 2.66 |
| 3. | Self Adhesive (Transparent BOPP/OPP) Tape- Width not exceeding 20cm- in Retail Packing with paper board spool. | 3919.1090 | 3919.1090.1090 | Taiwan | 2.56 | 2.63 | 2.68 |
| 4. | Self Adhesive (Transparent BOPP/OPP) Tape- Width not exceeding 20cm- in Retail Packing with plastic spool. | 3919.1090 | 3919.1090.1100 | Taiwan | 2.61 | 2.73 | 2.78 |



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# انٹرنیشنل بزنس مشین (IBM) کارپوریشن کی انٹرنیشنل بزنس منیجمنٹ (IBM) کیخلاف اپیل خارج

## انٹیلکچوئل پراپرٹی آرگنائزیشن آف پاکستان کے کاپی رائٹ بورڈ کراچی میں امریکی فرم نے رجسٹرار کاپی رائٹ کے حکم کے خلاف اپیل دائر کی تھی

کراچی (رپورٹ: محمد رؤف) پاکستان میں قائم انٹرنیشنل بزنس منیجمنٹ (IBM) کے خلاف بین الاقوامی شہرت یافتہ فرم انٹرنیشنل بزنس مشین کارپوریشن یو ایس اے کی جانب سے IBM کے الفاظ استعمال کرنے کے خلاف دائر اپیل خارج کر دی گئی ہے۔ یہ اپیل IBM یو ایس اے نے رجسٹرار کاپی رائٹ کے 15 ستمبر 2015 کے حکم کے خلاف انٹیلکچوئل پراپرٹی آرگنائزیشن آف پاکستان کے کاپی رائٹ بورڈ کراچی میں دائر کی تھی۔ اپیل نمبر 01/2015 کی سماعت تین رکنی بورڈ نے کی۔ جس کے چیئرمین آصف رشید اور اراکین میں منیزہ ہاشمی اور احمد حسین مجاہد شامل تھے۔ اپیل کی سماعت 5 ستمبر 2023 کو ہوئی تھی۔ اپیل کنندہ کی طرف سے حسن عرفان ایڈووکیٹ اور آئی بی ایم پاکستان کی جانب سے ہانیہ ہارون اور کفایت اللہ ایڈووکیٹ پیش ہوئے تھے۔ بورڈ نے اپنے



حکم میں کہا ہے کہ درخواست دہندہ کے رجسٹرار کے روبرو اعتراضات قابل قبول نہیں ہیں اور رجسٹرار کا فیصلہ درست ہے لہٰذا اپیل کو خارج کیا جاتا ہے۔ واضح رہے کہ آئی بی ایم پاکستان 1993 سے اس نام سے کام کر رہی ہے اور اس نے 2011 میں آرٹسٹک ورک ٹریڈ مارک کے لئے درخواست دائر کی تھی جس کے خلاف آئی بی ایم یو ایس اے نے اعتراضات داخل کئے تھے جسے رجسٹرار نے اپنے 15 ستمبر 2015 کے حکم کے ذریعے مسترد کر دیا تھا اور آئی بی ایم کو اس کے ڈیزائن کے مطابق آرٹسٹک ورک استعمال کرنے کی اجازت برقرار رہی تھی۔ اس آرڈر کے خلاف یہ اپیل دائر کی گئی تھی جو اب مسترد ہو گئی ہے اس طرح محمد سلیم بیکیا IBM کے پاکستان میں استعمال کے حقدار قرار پائے ہیں۔ کسی بھی پاکستانی فرم کا ایک بین الاقوامی کمپنی سے کاپی رائٹ ایکٹ کے تحت کامیابی بھی تاریخی ہے۔ ملک بھر کے پیپر مرچنٹس نے انہیں اس عزت افزائی پر دلی مبارکباد پیش کی ہے۔

### نیو یارائٹنگ پرنٹنگ پیپر کیس۔ کسٹم کا سپریم کورٹ سے رجوع کا فیصلہ

کراچی (پیپر بزنس نیوز) مشہور زمانہ نیو یارائٹنگ پرنٹنگ پیپر کیس جو سندھ ہائی کورٹ سے آئی بی ایم کی رہنمائی میں جیتا گیا تھا اور جس میں کوٹڈ رائٹنگ پرنٹنگ پیپر تسلیم کر لیا گیا تھا، اب معلوم ہوا ہے کہ کسٹم نے سندھ ہائی کورٹ کے اس فیصلے کے خلاف سپریم کورٹ میں اپیل دائر کرنے کا فیصلہ کر لیا اور اس کی اطلاع متعلقہ فریقوں کو دے دی گئی ہے۔

# پاکستانی تاجر جرمنی میں تجارتی مواقع سے فائدہ اٹھائیں، زاہد حسین قونصلر جنرل پاکستان

## فرینکفرٹ میں پاکستانی قونصل خانہ تاجروں کو بہترین تعاون اور مدد فراہم کر رہا ہے، خامس سعید بٹ کی سربراہی میں ملاقات کرنے والے وفد سے گفتگو

لاہور (پیپر بزنس نیوز) فرینکفرٹ میں پاکستانی قونصل خانہ پاکستانی تاجروں کو بہترین تعاون اور مدد فراہم کر رہا ہے تاکہ وہ جرمنی میں تجارت اور سرمایہ کاری کے مواقع سے فائدہ اٹھا سکیں اور اپنے جرمن ہم منصبوں کے ساتھ قریبی روابط بھی قائم کر سکیں۔ یہ بات فرینکفرٹ میں پاکستانی قونصل جنرل زاہد حسین نے خامس سعید بٹ کی قیادت میں آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن کے وفد سے ملاقات میں گفتگو کرتے ہوئے کہی جو گزشتہ دنوں بین الاقوامی کتب میلہ فرینکفرٹ میں شرکت کے لئے جرمنی گیا ہوا تھا۔ ملاقات میں ٹریڈ اینڈ انویسٹمنٹ کونسلر آمنہ نعیم، شفاعت کلیم خٹک منسٹر ہیڈ آف چانسری قونصلیٹ جنرل آف پاکستان فرینکفرٹ نے بھی شرکت کی۔ قونصل جنرل نے کہا کہ پاکستانی تاجر جرمنی میں تجارت اور سرمایہ کاری کے مواقع سے بھرپور فائدہ اٹھانے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ انہوں نے ملک کی بیرونی تجارت کو مضبوط بنانے کے لیے آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن کی کوششوں کو سراہا۔ زاہد حسین نے جرمنی اور پاکستان کے درمیان تجارت کے فروغ کے لیے اپنی کوششوں پر بھی روشنی ڈالی۔ وفد کے سربراہ خامس سعید بٹ نے پاکستانی قونصل جنرل کا پاکستانی تاجر برادری سے بے مثال تعاون پر شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور جرمنی کے درمیان تجارت بڑھانے کی وسیع گنجائش موجود ہے۔ واضح رہے کہ گیارہ رکنی وفد نے فرینکفرٹ بک فیئر میں شرکت بھی کی۔





یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# SALMAN PAPER PRODUCTS ( PVT ) LTD

## Importer, Manufacturer and Wholeseler

## WE DEALS IN:

- Coated Packaging Board
- Art Card
- Duplex Board
- Colour Card
- Brief Card
- Uncoated Board
- Kraft Card
- Kraft Liner
- Office Stationery
- Corrugation Carton
- Offset Printing Paper
- Art Paper
- Photocopier Paper
- Kraft Paper
- Sticker Paper
- Corbonless Paper
- School Stationery
- Boxes
- Label Printing
- Exercise Copies & Registers

## Different Size of Packets and Reels

Room # 201,213 2nd Floor, IBM Center, Hassan Ali Effendi Road,
Paper Market, Karachi.
Phone : 021-32216671, 32212081, 32601020
aslamjilani1@hotmail.com / salmanpaperproductspvtltd@gmail.com


Printed on NEVIAGloss - Art Paper, China, 113 Gsm. Contact for Booking IBM: 111-426-725





IBM TM
ISO 9001: 2015 CERTIFIED

## INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT

First ISO 9001-2015 Certified Paper Identing Company in Pakistan
First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital, Karachi UAN:111-IBK-PAK
Ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleemibm@cyber.net.pk, Website:www.ibmpakistan.com

Brands of the year Award — IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS
Brands of the year Award — IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012






Printed on NEVIAGloss - Art Paper, China, 113 Gsm. Contact for Booking IBM: 111-426-725

IBM™
ISO 9001: 2015
CERTIFIED

# انٹرنیشنل بزنس مینجمنٹ

## اپنے اراکین وگاھگوں کے لئے
## خدمت میں ایک قدم اور آگے

## IBMکی طرف سے پیپر کی گرامیج معلوم کرنے کا آلہ





**Sponsored By IBM**

اپنے معزز کرم فرماؤں کو یقین واعتماد کے ساتھ خریداری میں مدد کے لئے۔

تاکہ وہ معیار اور مقدار کے بارے میں از خود اطمینان حاصل کر سکیں

آئی بی ایم کے اراکین کے لئے رعایتی نرخ پر دستیاب ہے

رابطے کے لئے 0300-2011313

**International Business Managemnet**

**First ISO 9001-2015 Certified Paper Identing Company In Pakistan**

First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road, Near Burhani Hospital,
Karachi UAN:111-IBK-PAK
Ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleem.bikiya@ibmpak.com Website:www.ibmpakistan.com

ISO 9001: 2015 Certified Quality Management System

Winner of Brands Icon of Pakistan 2010

Winner of Brands of the year Award 2010 IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS

Winner of Brands of the year Award 2011-2012 IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS




Printed on NEVIAGloss - Art Paper, China, 113 Gsm. Contact for Booking IBM: 111-426-725

# بلیچ بورڈ، کاربن لیس، آرٹ کارڈ و پیپر، اسٹیکر، مقامی ڈپلیکس بورڈ، اور بلھے شاہ پرنٹنگ پیپر کی قیمتوں میں کمی

کراچی (پرائس سروے رپورٹ) کراچی پیپر مارکیٹ میں کاروباری سرگرمیاں جاری رہیں اور 25 اکتوبر 2023 کو ختم ہونے والے ہفتہ کو مارکیٹ سے موصولہ اطلاعات کے مطابق ہول سیل مارکیٹ میں پنڈو آرٹ کارڈ، آرٹ پیپر نیویا، کاربن لیس پیپر امپریشن پنڈو، امپریشن اسٹار اور رائزنگ سن، مقامی ڈپلیکس بورڈ ون وائٹ، میگا ٹاپ ، انرجی اور شاہین، درآمدی بلیچ بورڈ ننگبو، رئیل ، چینمنگ اور پنڈو ڈیلی، اسٹیکر پیپر یونگی ،سپر ٹیک، نیکسز پرو، لیبل ٹیک اور فوٹو کاپی پیپر کے مختلف برانڈز کی قیمتوں میں کمی ریکارڈ کی گئی۔ دیگر پیپر و پیپر بورڈ کے برانڈز کی قیمتوں میں استحکام رہا۔ پیپر و پیپر بورڈ کے جن برانڈز میں اس ہفتے جو اتار چڑھاؤ ہوا اس کی تفصیلی رپورٹ قارئین کے لئے پیش خدمت ہے۔

ہول سیل مارکیٹ میں صورتحال اس طرح سے ہے کہ پنڈو آرٹ کارڈ تمام سائز 210، ، 190،200 310، 300، 260، 250اور 350 گرام، 350روپے سے کم ہوکر 340روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ نیویا آرٹ پیپر گلوس چائنا تمام سائز 90۔ 100۔ 105۔ 113۔ 128اور 150 گرام، 360روپے سے کم ہو کر 350روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ نیویا آرٹ پیپر میٹ چائنا تمام سائز 80۔ 90۔ 100۔ 105۔ 113۔ 128اور 150 گرام، 360روپے سے کم ہوکر 350روپے فی کلو ہوگیا ہے ۔کاربن لیس پیپر امپریشن پنڈو 2000انڈونیشیا، 17x24 سائز 4700روپے سے کم ہوکر 4600روپے فی ریم ہوگیا ہے ۔کاربن لیس پیپر امپریشن پنڈو 2000انڈونیشیا، 18x23 سائز 5700روپے سے کم ہوکر 5600روپے فی ریم ہوگیا ہے۔ کاربن لیس پیپر امپریشن اسٹار چائنا 24x34سائز، 6600روپے سے کم ہوکر 6100روپے فی ریم ہوگیا ہے۔کاربن لیس پیپر رائزنگ سن 24x34سائز 6500 ، روپے سے کم ہو کر 6100روپے فی ریم ہوگیا ہے۔مقامی ڈپلیکس بورڈ، بورڈ بورڈ ون وائٹ تمام سائز 250 گرام 217روپے سے کم ہوکر 212روپے اور 290 گرام، 215روپے سے کم ہوکر 210روپے فی کلو ہوگیا ہے۔مقامی ڈپلیکس بورڈ ونر براؤن بیک تمام سائز تمام گرام، 180روپے سے بڑھ کر 190روپے فی کلو ہوگیا ہے۔مقامی ڈپلیکس بورڈ میگا ٹاپ تمام سائز تمام گرام، 155روپے سے کم ہوکر 152روپے فی کلو ہوگیا ہے۔مقامی ڈپلیکس بورڈ انرجی سنر جی مل تمام سائز 250 گرام 245 ، روپے سے کم ہوکر 240روپے، تمام سائز 290 گرام، 240روپے سے کم ہوکر 235روپے فی کلو ہوگیا ہے۔مقامی ڈپلیکس بورڈ شاہین نیچرل بیک تمام سائز-250 300 گرام،اور تمام سائز 350 گرام، 155روپے سے کم ہو کر 152روپے فی کلو ہوگیا ہے۔درآمدی بلیچ بورڈ ننگبو گولڈ چائنا ریلز تمام سائز تمام گرام 340روپے سے کم ہو کر 335روپے فی کلو ہوگئی ہیں ۔درآمدی بلیچ بورڈ رئیل شیٹس تمام سائز تمام گرام 345روپے سے کم ہوکر 325روپے فی کلو ہوگیا ہے۔درآمدی بلیچ بورڈ چینمنگ چائنا ریلز تمام سائز تمام گرام 335روپے سے کم ہو کر 318روپے فی کلو ہوگئی ہیں ۔بلیچ بورڈ پنڈو ڈیلی انڈونیشیا شیٹس تمام سائز تمام گرام، 320روپے سے کم ہوکر 315روپے فی کلو ہوگئی ہیں۔مقامی آفسیٹ پیپر فائیو اسٹار اینڈ لیول اپ،تمام سائز 63 گرام، 240روپے سے بڑھ کر 260روپے فی کلو ہوگیا ہے۔مقامی آفسیٹ پیپر لاثانی کیوٹیک تمام سائز 60 گرام، 265روپے سے کم ہوکر 260روپے فی کلو ہوگیا ہے۔مقامی آفسیٹ پیپر (تحریر ( رائٹنگ اینڈ پرنٹنگ پیپر 80-60 گرام کی ریلز 488روپے سے کم ہوکر 430روپے جبکہ شیٹس 500روپے سے کم ہوکر 440روپے فی کلو ہوگئی ہیں۔ مقامی آفسیٹ پیپر (تعلیم ( رائٹنگ اینڈ پرنٹنگ پیپر 65 گرام کی ریلز 365روپے جبکہ شیٹس 375روپے فی کلو ہوگئی ہیں۔فوٹو کاپی پیپر انڈونیشیا پی سی براؤن 70 گرام، 970روپے سے کم ہوکر 940روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے ۔بی ایل سی 70 گرام 980 ، روپے سے کم ہوکر 940روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔بی ایل سی 80 گرام 1380 ، روپے سے کم ہوکر 1290روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔آئی کے کاپی لوگو 70 گرام 1000 ، روپے سے کم ہوکر 960روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔آئی کے کاپی لوگو 80 گرام 1450 ، روپے سے کم ہوکر 1400روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔آئی کے کاپی F4B-13 ۔ 70 گرام، 1400روپے سے کم ہوکر 1380روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔آئی کے کاپی F4A-13.5 ۔ 70 گرام 1480 ، روپے سے کم ہوکر 1450روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔آئی کے کاپی A3 سائز 70 گرام 2600 ، روپے سے کم ہوکر 2600روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔آریا 70 گرام ، 940روپے سے کم ہوکر 930روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔آریا 80 گرام ، 1300روپے سے کم ہوکر 1250روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔میرم دبئی 70 گرام، 960روپے سے کم ہوکر 920روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔میرم دبئی 80 گرام، 1280روپے سے کم ہوکر 1250روپے فی پیکٹ ہو گیا ہے ۔اسٹیکر پیپر یونگی چائنا 20x30سائز 3450 روپے سے بڑھ کر 3500روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔اسٹیکر پیپر سپر ٹیک 20x30 ، سائز، 3550روپے سے کم ہوکر 3450روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے ۔اسٹیکر پیپر لیبل ٹیک چائنا 20x30سائز ، 3450روپے سے بڑھ کر 3500روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر نیکسز پرو چائنا 20x30سائز ،3550 روپے سے کم ہوکر 3450روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔

## 4 بینکوں کو بھاری جرمانے

کراچی (نیوز ڈیسک) رواں مالی سال کی پہلی سہہ ماہی میں اسٹیٹ بینک نے بینکوں پر 8 کروڑ روپے سے زائد کا جرمانہ کیا ہے۔اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی جانب سے جاری بیان کے مطابق جولائی سے ستمبر کے دوران 4 بینکوں پر جرمانے کیے گئے ۔اسٹیٹ بینک کے مطابق رواں مالی سال کی پہلی سہ ماہی میں بینکوں پر 8 کروڑ 31لاکھ روپے کے جرمانے عائد کیے گئے ۔اسٹیٹ بینک کی جانب سے بینکوں پر یہ جرمانے زرمبادلہ اور بینکنگ خدمات کے احکامات کی خلاف ورزی پر کیے گئے ۔


CARBONLESS
WHITE & COLOUR
24 X 34  23 X 36

CB + CFB + CF CARD

Colour Cards

COPY PAPER A4

CHAND TRADERS

Karachi Office: 1-AL Mohsin Building,
Tayyabji Road, Karachi. 74200.
Tel: 32627311 - 32627411


Lahore Office: 44-Zulqarnain Chambers,
Ganpat Road, Lahore. 54000
Tel:37232889 - 37248501
Fax: 37227826
E-mail: chandtraders92@gmail.com





یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# بنگلہ دیش: پلپ اور پیپر سیکٹر میں بحران



آخری حصہ

تحریر: نوید مرزا

ایسوسی ایشن نے بینکوں کو خطوط لکھے ہیں جن میں استدعا کی گئی ہے کہ پلپ اور پیپر سیکٹر میں بحران اور شدید مالی نقصانات کے سبب قرضوں کی پیمنٹ میں چھوٹ دی جائے اور جو ملز مکمل طور پر دیوالیہ ہو چکی ہے ان کے قرضے معاف کئے جائیں۔ بینکوں کی جانب سے ابھی ان خطوط پر کسی ردعمل کا اظہار نہیں کیا گیا ہے تاہم سرکار نے یقین دلایا ہے کہ وہ جلد اس سلسلے میں کچھ کرے گی۔

ماہرین کا کہنا ہے کہ بنگلہ دیش کے پلپ اور پیپر سیکٹر کی حالت وبائی زمانے سے ہی خراب ہے اوپر سے روس۔ یوکرائن جنگ اور ایندھن کی گرانی کی وجہ سے انڈسٹری مزید بیٹھ گئی ہے۔ ملک میں درآمدی خام مال حد سے زیادہ مہنگا ہو گیا ہے جس سے بنا ہوا پیپر خریدنا صارفین کے لیے ایک مسئلہ بن چکا ہے۔ اب پیپر مینوفیکچررز اور صارفین دنوں پریشان ہیں کہ وہ کریں تو کیا کریں کیونکہ اتنا مہنگا پیپر خرید کے آگے کیسے بڑھائیں۔

پرنٹنگ انڈسٹری ترجمان کا کہنا ہے کہ تعلیمی اور دیگر اقسام کے میٹریل کی پرنٹنگ کے لیے درکار پیپر موجود نہیں ہے۔ پیپر ملز کئی ماہ پرانے آرڈرز لے کر بیٹھے ہوئے ہیں اور اب تک مال کی ڈیلیوری نہیں کی جس سے پرنٹنگ انڈسٹری تباہ ہو رہی ہے۔
دوسری جانب پیپر مینوفیکچررز کا کہنا ہے کہ پیپر بنانے کے لیے ملک میں خام مال ہی موجود نہیں تو وہ وقت پر مال کی سپلائی کیسے کر سکتے ہیں۔ لوگوں کا اربوں ٹکہ پلپ اور پیپر مینوفیکچررز کے پاس بونڈ ہو چکا ہے مگر ڈیلیوری کے دور دور تک کوئی آثار نظر نہیں آتے جس سے صنعتی وتجارتی کشیدگی پھیلنے کا خدشہ ہے۔

پرنٹنگ انڈسٹری کے ترجمان شاہد سرنات کا کہنا ہے کہ وہ بمشکل تمام اسکولوں کی کتابیں پرنٹ کر پائے تھے کہ اب بڑی مقدار میں رائٹنگ میٹریل کی ضرورت ہے مگر بازار میں میٹریل موجود نہیں ہے جس سے تعلیمی بحران سنگین ہو رہا ہے۔

بنگلہ دیش کے پیپر سیکٹر کے ماہرین کا کہنا ہے کہ بعض پیپر ٹریڈرز اس نازک موقع پر جب بنگلہ دیشی معیشت بحران کا شکار ہے اپنے منافع کمانے کے کاروبار سے بعض نہیں آ رہے ہیں اور خبریں ہیں کہ کچھ لوگ بیرون ملک سے مہنگا پلپ اور پیپر امپورٹ کر رہے ہیں مگر اسے ملک میں بیچنے کے بجائے اپنے گوداموں میں رکھ کر بیرون ملک ضرورت مند گاہک ڈھونڈ کر مہنگے داموں ایکسپورٹ کر رہے ہیں جس سے پیپر مارکیٹ میں ڈیمانڈ اور سپلائی کی صورت حال اور سنگین ہو رہی ہے۔

پیپر انڈسٹری کے ترجمان کا کہنا ہے کہ بنگلہ دیش اپنی ضرورت کا نصف پیپر مقامی طور پر ہی پیدا کرتا ہے جبکہ ڈیڑھ ملین ٹن باہر سے منگوانا پڑتا ہے۔ ملک میں سات ایسی بڑی کمپنیاں ہیں



جو معیاری پیپر برانڈز تیار کرتی ہیں جن میں AKIT گروپ، امبر گروپ، باشندھرا گروپ، میگھنا گروپ، پارٹیکس گروپ، کری ایٹو پیپر ملز اور پیپر ٹیک انڈسٹری شامل ہیں جو عمدہ پیپر تیار کرتی ہیں۔
پارٹیکس پیپر ملز کے چیف ڈائریکٹر نوروم نبی کہتے ہیں کہ کچھ عرصے پہلے تک پلپ 680 ڈالر فی ٹن مل رہا تھا تاہم اب اس کی قیمت 008 ڈالر فی ٹن ہے۔ بنگلہ دیش اپنی ضرورت کا زیادہ تر پلپ انڈونیشیا، برازیل اور کینیڈا سے امپورٹ کرتا ہے۔
پیکیجنگ انڈسٹریز ایسوسی ایشن آف بنگلہ دیش کے سابق چیئرمین اور ماہر معیشت طفیل خان کہتے ہیں کہ گزشتہ چند ہفتوں میں آرٹ پیپر کی قیمت میں 08 فیصد تک اضافہ ہوا ہے جو کہ ایک ریکارڈ ہے۔ انہوں نے کہا کہ بنگلہ دیش کی معیشت گر رہی ہے اور ٹکا ڈالر کے مقابلے میں اپنی ساکھ کھو رہا ہے جس کی وجہ سے ملک میں مہنگائی میں ابھی اور اضافہ ہوگا اور پلپ اور پیپر کی قیمت بھی بڑھے گی۔ انہوں نے کہا کہ روس یوکرائن کی جنگ کی وجہ سے پلپ اور پیپر کی قیمتوں میں تیزی سے اضافہ ہو رہا ہے کیونکہ روس اور یوکرائن کے نزدیک بحری راستے مخدوش ہو چکے ہیں اور بحری جہازوں نے کرائے بڑھا دیئے ہیں جس کی وجہ سے امپورٹ کئے جانے والے مال کی قیمت میں اور اضافہ ہو گیا ہے۔ پران گروپ کے ترجمان کا کہنا ہے کہ ان کی کمپنی زیادہ تر ٹیکسٹ بک پرنٹ کرتی ہے مگر گزشتہ چند مہینوں میں پیپر کی قیمت میں بے انتہا اضافہ ہوا ہے اور اس اضافے کو صارفین تک منتقل کرنے میں شدید دشواریوں کا سامنا ہے کیونکہ پیپر کی قیمتوں میں یہ اضافہ درآمدی پیپر سے شروع ہوا ہے اور لوکل مارکیٹ تک مطلوبہ آرڈر پہنچنے تک اس میں کئی گنا اضافہ ہو چکا ہوتا ہے جس کا سارا بوجھ مقامی صارف پر پڑتا ہے اور یہ اچانک اضافہ ادا کرنا صارف کے لیے بہت مشکل ہوتا ہے۔

زمان پیپر کے مالک مشرف حسین کہتے ہیں کہ تمام اقسام کے پیپر ریم ( 005 شیٹس ) کی قیمتوں میں 001 سے 053 ٹکے کا اضافہ ہوا ہے۔

تجزیہ کاروں کا کہنا ہے کہ تعلیمی سرگرمیوں میں استعمال ہونے والے اسٹیشنری کی قیمت اگر اسی طرح بڑھتی رہی تو عام آدمی کے لیے اپنے بچوں کو اسکولوں میں پڑھانا ہی ناممکن ہو جائے گا۔

مارکیٹ ذرائع کے مطابق وہ مال جو ایکسپورٹ کے لیے تیار کیا گیا تھا جن میں ڈبے اور کارٹن اور دیگر سامان شامل تھا پینڈمک کی وجہ سے ایکسپورٹ نہیں ہو پایا اور گوداموں میں پڑا رہ گیا۔ ٹرانسپورٹیشن میں مشکلات کی وجہ سے بیرون ملک صارفین نے اپنے خریدار بدل لئے، اب یہ مہنگا مال بنگلہ دیش کے ویئر ہاؤس میں پڑا سڑ رہا ہے اور اس کا کوئی خریدار نہیں کیونکہ یہ مال ایکسپورٹ کے لیے بنایا گیا تھا اس کا لوکل میں کوئی استعمال نہیں ہے اور اب نہ ہی اس کی یہاں وہ قیمت مل سکتی ہے جو باہر سے مل سکتی تھی۔ اس کے علاوہ اس مال پر بینک قرض کا پیسہ بھی لگا ہوا ہے جو مینوفیکچررز کو ہی ادا کرنا ہے اور اب مینوفیکچررز یہ سوچ رہا ہے کہ وہ اپنے اس مال کا کیا کرے اور بینکقرض کیسے چکائے۔ بنگلہ دیش میں زیادہ تر آفسیٹ پیپر، نیوز پرنٹ، رائٹنگ پیپر، پرنٹنگ پیپر، پیکجنگ پیپر، ڈپلیکس بورڈ، میڈیا پیپر، لائنر پیپر، اسٹیکر پیپر، سیکورٹی پیپر اور اسی طرح کے دیگر برانڈز تیار کئے جاتے ہیں۔ بنگلہ دیش میں زیادہ بکنے والے پیپر برانڈز میں رائٹنگ پیپر اور پرنٹنگ پیپر شامل ہیں جس کی شرح کل ملا کر 07


یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# ایف بی آر کے ڈائریکٹر لاء کراچی عبدالحمید آرائیں 3 ماہ کیلئے معطل

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے بنیادی اسکیل نمبر 20 کے عہدیدار کو تین ماہ کیلئے معطل کر دیا گیا ہے۔ اسی طرح بنیادی پے اسکیل 19 کی افسر کو بھی مس کنڈکٹ کے زمرے میں تین ماہ کیلئے معطل کیا گیا ہے۔ ایف بی آر کے نوٹیفکیشن 2874 آئی آر ون 2023ء کے ذریعے مس نائلہ اشرف خان بنیادی اسکیل 19 کا تبادلہ کر دیا گیا ہے اور وہ ہفتہ رواں میں اپنا نیا عہدہ سنبھالیں گی۔ مس نائلہ اشرف خان اس وقت ایف بی آر کی سیکرٹری سیلز ٹیکس آپریشنز کی ذمہ داریاں نبھا رہی ہیں۔ اُنکی ٹرانسفر کر کے ممبر ان لینڈ ریونیو آپریشنز کی ایس اے مقرر کیا گیا ہے۔ مس نائلہ اشرف خان کو سیکرٹری سیلز ٹیکس آپریشنز کا اضافی چارج بھی دیا گیا ہے۔ مس نائلہ اشرف خان اس وقت جو پرفارمنس الاؤنس لے رہی تھیں وہ تعیناتی کی نئی جگہ پر بھی اُنہیں ملتا رہے گا۔ ایف بی آر کے نوٹیفکیشن نمبر 2873 آئی آر ون 2023ء کے ذریعے عبدالحمید انجم ارائیں آفیسر آف ان لینڈ ریونیو سروس بنیادی اسکیل 20 ڈائریکٹر لاء کراچی کو تین ماہ کیلئے انضباطی کارروائی کے تحت معطل کر دیا گیا ہے۔ ایف بی آر کے نوٹیفکیشن نمبر 2867 سی تھری 2023ء میں کلکٹر آف کسٹم اپریزمنٹ ایسٹ لاہور کی اپریزنگ آفیسر مس بشریٰ آفرین کو بورڈ کے نوٹیفکیشن نمبر 1719 سی تھری 2023ء انضباطی کارروائی کی انکوائری میں قصوروار قرار دیا گیا ہے' اُنہیں ممبر ایڈمن ایف بی آر نے سرکاری ملازمت سے برطرف کر دیا ہے۔

## انٹر بینک : 280 روپے کا ہو گیا

کراچی (بزنس ڈیسک) امریکی ڈالر کی ایک بار پھر قدر میں اضافے کا سلسلہ جاری ہے۔ بدھ 25 اکتوبر کو کاروبار کے آغاز میں انٹر بینک میں ڈالر مزید مہنگا ہوا ہے۔ انٹر بینک میں ڈالر 45 پیسے مہنگا ہونے کے بعد 279.88 روپے پر بند ہوا۔ منگل 24 اکتوبر کو کاروبار کے اختتام پر انٹر بینک میں ڈالر 279 روپے 43 پیسے کا تھا۔ منگل 24 اکتوبر کو روپے کے مقابلے پر انٹر بینک میں ڈالر کی قیمت خرید 25 پیسے کے اضافے سے 278.50 روپے سے بڑھ کر 278.75 روپے اور قیمت فروخت 35 پیسے کے اضافے سے 279.15 روپے سے بڑھ کر 279.50 روپے ہو گئی ہے، اوپن مارکیٹ میں 50 پیسے کے اضافے سے ڈالر کی قیمت خرید 278.00 روپے سے بڑھ کر 278.50 روپے اور قیمت فروخت 281.00 روپے سے بڑھ کر 281.50 روپے ہوگئی ہے، یورو کی قیمت خرید 2 روپے کے اضافے سے 295.00 روپے سے بڑھ کر 297.00 روپے اور قیمت فروخت 298.00 روپے سے بڑھ کر 300.00 روپے ہوگئی جبکہ 2 روپے کے اضافے سے ہی برطانوی پاؤنڈ کی قیمت خرید 339.00 روپے سے بڑھ کر 341.00 روپے اور قیمت فروخت 343.00 روپے سے بڑھ کر 345.00 روپے ہوگئی۔

## ٹیکس گزاروں کا ڈیٹا شیئر کرنے پر ایف بی آر اور نادرا میں رابطہ

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) فیڈرل بورڈ آف ریونیو کے چیئرمین ملک امجد زبیر ٹوانہ اور چیئرمین نادرا لیفٹیننٹ جنرل محمد منیر افسر کے درمیان جمعرات 19 اکتوبر کو ایف بی آر ہیڈ کوارٹر ز میں ملکی معیشت کے استحکام کے بارے میں اہم ملاقات ہوئی، اس ملاقات میں ٹیکس گزاروں کا ڈیٹا شیئر کرنے اور ٹیکس دہندگان کی تعداد میں اضافہ کیلئے تجاویز سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا۔ اجلاس میں یہ طے پایا کہ نیشنل ڈیٹا بیس ریگولیٹری اتھارٹی اور فیڈرل بورڈ آف ریونیو ٹیکس کے معاملات پر ایک دوسرے کو مطلوب ڈیٹا فراہم کریں گے۔

## پشاور سے حوالہ ہنڈی میں ملوث 2 ملزمان گرفتار

پشاور (نیوز ڈیسک) وفاقی تحقیقاتی ادارے (ایف آئی اے) کمرشل بینکنگ سرکل پشاور نے حوالہ ہنڈی میں ملوث 2 ملزموں کو گرفتار کر کے لاکھوں روپے کی ملکی اور غیر ملکی کرنسی برآمد کر لی ہے۔ ملزمان سے حوالہ ہنڈی سے متعلق شواہد بھی برآمد ہوئے ہیں، جن کے خلاف مقدمات درج کر کے مزید تفتیش شروع کر دی گئی ہے۔ حکام کے مطابق ایف آئی اے کمرشل بینکنگ سرکل پشاور نے چوک یادگار میں 2 افراد وحدت خان اور مظہر علی کو گرفتار کیا، جو حوالہ ہنڈی اور غیر قانونی کرنسی ایکسچینج میں ملوث تھے۔ ملزمان سے مجموعی طور پر 9 لاکھ پاکستانی روپے، 400 سعودی ریال اور 7200 افغانی برآمد ہوئے ہیں۔

## کراچی میں ایف آئی اے نے بھاری مالیت کی ملکی و غیر ملکی کرنسی برآمد کر لی

کراچی (نیوز ڈیسک) ایف آئی اے اسٹیٹ بینک سرکل نے ہنڈی حوالہ کریک ڈاؤن پر کارروائی کرتے ہوئے بھاری مقدار میں غیر ملکی و ملکی کرنسی ضبط کر لی اور تین افراد کو گرفتار کر لیا۔ ڈپٹی ڈائریکٹر ایاز مہر کی تشکیل دی گئی پارٹی نے ایم اے جناح روڈ پر واقع ایک بلڈنگ کے فلیٹ پر چھاپہ مارا اور وہاں سے تین افراد محمد شاہد، محمد حسین اور عبدالرشید کو حراست میں لیا اور جب فلیٹ کی تلاشی لی گئی تو وہاں سے 9 کروڑ 88 لاکھ پاکستانی کرنسی، 32700 ڈالر، 15 ہزار سعودی ریال اور 800 اماراتی درہم برامد کیے۔ ہنڈی حوالے میں استعمال ہونے والے لیپ ٹاپ اور موبائل فون بھی قبضے میں لے لیے گئے۔ تینوں افراد کو گرفتار کر لیا گیا اور مزید تحقیقات انسپیکٹر محمد سلیم کو سونپ دی گئی ہے۔

---

سے 08 فیصد ہے اور اس میں سب سے زیادہ حصہ نیوز پرنٹ کا ہے مگر موجودہ معاشی بحران میں سب سے زیادہ نقصان بھی نیوز پرنٹ انڈسٹری کو ہی اٹھانا پڑ رہا ہے کیونکہ سرکار کی جانب سے اخبارات پر جو پابندیاں لگائی گئی ہیں ان کی وجہ سے اخبارات کی سرکولیشن گھٹی ہے دوسری جانب خام مال کی گرانی، امپورٹ میں مشکلات اور انرجی کے بحران نے ملکی نیوز پرنٹ انڈسٹری کا بھٹہ بٹھا دیا ہے۔ نیوز پرنٹ جو چند مہینے پہلے تک 570 ڈالر فی ٹن دستیاب تھا اب اس کی قیمت بڑھ کر 1050 ڈالر فی ٹن تک پہنچ گئی ہے ایسے میں نیوز پرنٹ انڈسٹری اور اس سے وابستہ کاروبار کا زندہ رہنا ہی ایک کمال ہے۔ چند دن پہلے ڈھاکہ میں نیوز پرنٹ اونرز ایسوسی ایشن آف بنگلہ دیش کی ایک کانفرنس منعقد ہوئی تھی جس میں انڈسٹری کو درپیش مسائل پر غور کیا گیا۔ ایسوسی ایشن کے چیئرمین اے کے آزاد نے اس موقع پر اپنے خطاب میں حکومت کو آڑے ہاتھوں لیا۔ انہوں نے کہا کہ اخبارات کی ٹوٹل انکم ایڈورٹائزمنٹ سے حاصل ہوتی ہے مگر موجودہ حالات میں جب پینڈمک کے بعد انڈسٹری ابھرنے کی کوشش کر رہی ہے ایڈورٹائزمنٹ بہت کم ہے کیونکہ لوگوں کے پاس بنیادی ضروریات کے علاوہ اور کچھ خریدنے کے لیے پیسے نہیں ہیں اس کے علاوہ اخبارات کے سو کروڑ روپے سے زائد کے بلز حکومت کی طرف واجب الادا ہیں جن کی ادائیگی میں لیت و لعل سے کام لیا جا رہا ہے۔ اخبارات کو نیوز پرنٹ دستیاب نہیں اور جو کچھ دستیاب ہے اس کی قیمت اتنی زیادہ ہے کہ صرف بڑے اخبارات ہی اسے افورڈ کر سکتے ہیں۔ اخبارات کی پروڈکشن کاسٹ، ہاکرز کا کمیشن، ٹرانسپورٹیشن کے اخراجات اور بھاری ٹیکسز کے بعد مالکان اخبارات بجائے فائدے کے نقصان میں جا رہے ہیں ایسے میں اخبارات ورسائل کیسے زندہ رہ سکتے ہیں۔ انہوں نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ اخبارات پر ویلیو ایڈڈ ٹیکس ختم کیا جائے یا اس کی ویلیو پانچ فیصد تک لائی جائے۔


یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

## فزیشن اینڈ سرجنز کالج کا پیپر و پرنٹنگ کا ٹینڈر

بکس بورڈ، 350 گرام، میٹ پیپر، 90 گرام۔
آفسیٹ پیپرز 75 گرام، بال پوائنٹ پرنٹنگ کے ساتھ
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 2 نومبر 2023ء
برائے رابطہ: پرچیز ڈپارٹمنٹ، 7th سینٹرل اسٹریٹ، فیز۔2، ڈی ایچ اے، کراچی۔
فون: 021-99266400-10 EXT:237-330

## ملتان اعلیٰ ثانوی بورڈ کا پیپر کا ٹینڈر

وائٹ آفسیٹ پیپر امپورٹڈ، لیگل سائز، 80 گرام،
تعداد: 2000 ریم
وائٹ آفسیٹ پیپر امپورٹڈ، لیگل سائز، 70 گرام،
تعداد: 14000 ریم
وائٹ آفسیٹ پیپر امپورٹڈ، A4 سائز، 80 گرام،
تعداد: 4000 ریم
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 7 نومبر 2023ء
برائے رابطہ: اسٹور برانچ، ملتان۔
فون: 061-9210019

## ڈی جی ایگریکلچر پنجاب کو پیپر درکار

ٹینڈر حوالہ نمبر: DGA(F)/ND/PR/2023-24/02
پیپر A4 سائز، 80 گرام، امپورٹڈ، تعداد: 250 ریم۔
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 3 نومبر 2023ء
برائے رابطہ: کیشئر، سوئل سروے بلڈنگ نزد پی ٹی سی ایل ایکسچینج، ملتان روڈ، لاہور۔

## ساہیوال انٹرمیڈیٹ بورڈ کا پیپر کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر: 595 / اسٹور
امپورٹڈ پیپر، لیگل سائز، 80 گرام، تعداد: 12000 ریم
(آئی کے، ڈبل اے، ایچ پی یا مساوی برانڈ)
132 کالم کنٹی نیوس شیٹ امپورٹڈ، سائز 60,15x11 گرام،
تعداد: 300 بکس، فی بکس 1000 شیٹ
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 7 نومبر 2023ء
برائے رابطہ: شعبہ اسٹور، ساہیوال۔
فون: 040-4272159

## اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور کا پیپر و اسٹیشنری کا ٹینڈر

پیپر لیگل سائز، 80 گرام، تعداد: 1500 ریم۔
(ڈبل اے، پیپر ون، آر یا برانڈ یا مساوی)
اسٹیشنری آئٹمز
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 9 نومبر 2023ء
برائے رابطہ: پرچیز سیکشن، ٹریژرار آفس، عباسیہ کیمپس، بہاولپور۔




فون: 062-9250245

## یونیورسٹی آف لیہ کو پرنٹنگ خدمات درکار

جوابی کاپی 16 صفحات، تعداد: 25000 عدد
جوابی کاپی 24 صفحات، تعداد: 25000 عدد
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 3 نومبر 2023ء
برائے رابطہ: پرچیز سیکشن، لیہ۔
فون: 0606-920249 / 920238

## لاہور نالج پارک کو اسٹیشنری درکار

ٹینڈر حوالہ نمبر:
UKPC/PRO/TN3/20230926/002
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 6 نومبر 2023ء
برائے رابطہ: منیجر ایڈمن اینڈ پروکیورمنٹ آفس، 15۔ ابوبکر بلاک، نیو گارڈن ٹاؤن، لاہور۔
فون: 042-99233332-99233337

## ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر نوابشاہ کا پرنٹنگ و اسٹیشنری کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر: DHO/SBA/ACC/5773/74
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 8 نومبر 2023ء
برائے رابطہ: آفس، ڈسٹرکٹ شہید بینظیر آباد، نوابشاہ۔
فون: 0244-9370267-8

## لیڈی ولنگڈن اسپتال لاہور کا پرنٹنگ کا ٹینڈر

اسپتال میٹریل کی پرنٹنگ۔
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 7 نومبر 2023ء
برائے رابطہ: کیشئر، راوی روڈ، لاہور۔
فون: 042-37659001-4

## راولپنڈی میڈیکل یونیورسٹی کو پرنٹنگ خدمات درکار

اسٹیشنری کی پرنٹنگ۔
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 4 نومبر 2023ء
برائے رابطہ: پرچیز آفس، نیو ٹیچنگ بلاک، راولپنڈی۔
فون: 051-9291511

## سینئر سول جج قصور کا پیپر و اسٹیشنری کا ٹینڈر

وائٹ پیپر لیگل سائز، 80 گرام، پیپر (پیلا) لیگل سائز 80 گرام۔ وائٹ پیپر لیگل سائز 70 گرام، اسٹیشنری آئٹمز۔
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 7 نومبر 2023ء
برائے رابطہ: آفس، سول ڈویژن، قصور۔
فون: 049-9250163

## وزیراعظم ہاؤس اسلام آباد کو اسٹیشنری درکار

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 14 نومبر 2023ء
برائے رابطہ: ڈاک ٹرے، آر اینڈ آئی سیکشن، گیٹ نمبر۔2، SIFC سیکریٹریٹ، اسلام آباد۔
فون: 051-9215542

## آئی بی اے یونیورسٹی سکھر کا پرنٹنگ و اسٹیشنری کا ٹینڈر

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 10 نومبر 2023ء
برائے رابطہ: ایڈیشنل ڈائریکٹر پروکیورمنٹ آفس، نثار احمد صدیقی روڈ، سکھر۔
فون: 071-5644142

## نیشنل سیکورٹی پرنٹنگ کمپنی کا پیپر کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر: NLP/T-362/23
وائٹ آفسیٹ پیپر، سائز 85,18x24 گرام، تعداد: 300 ریم
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 31 اکتوبر 2023ء
برائے رابطہ: پرچیز ڈپارٹمنٹ، مین گیٹ فیکٹری، جناح ایونیو، ملیر ہالٹ، کراچی۔
فون: 021-99248511 Ext: 2202-2216

## کراچی یونیورسٹی کا پیپر کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر: P.O./ST#479-2023
آفسیٹ پیپرز، ڈپلیکیٹنگ پیپرز اور لوکل پیپرز
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 8 نومبر 2023ء
برائے رابطہ: پرچیز ڈپارٹمنٹ، یونیورسٹی روڈ، کراچی۔
فون: 021-99261300-07 Ext: 2215

## کرن اسپتال کو اسٹیشنری درکار

ٹینڈر حوالہ نمبر: 03/2023-24 Proc-08(14)/2023-24
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 30 اکتوبر 2023ء
برائے رابطہ: اکاؤنٹس ڈپارٹمنٹ، کراچی انسٹیٹیوٹ آف ریڈیو تھراپی اینڈ نیوکلیئر میڈیسن اسپتال، کراچی۔
فون: 021-99261601-04 Ext: 226


یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# پنجاب میں ون ونڈو آپریشن دسمبر تک مکمل طور پر شروع کر دے گا، فیصل ایوب

